E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com..... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

فیصل آباد، کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

روزنامہ

پبلک

فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 24 | بدھ 23 ستمبر 2026ء/10 ربیع الثانی 1448ھ/ قیمت 10 روپے | شمارہ 226

او آئی سی کمیٹی آف سکس کے ارکان کی حیثیت سے ہم پر خصوصی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ہم اپنی اجتماعی یکجہتی کو مستقل اور مربوط سفارتی اقدامات میں تبدیل کریں

فلسطینی عوام کے ساتھ پاکستان کی یکجہتی غیر متزلزل ہے

نائب وزیراعظم

موجودہ صورتحال او آئی سی اور اس کے رکن ممالک کی جانب سے نئی اور مربوط سفارتی کارروائی کا تقاضا کرتی ہے، کمیٹی آف سکس کو ان ترجیحات کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھنی چاہئیں

برادر اور شراکت دار ممالک کے ساتھ مل کر مسئلہ فلسطین کے منصفانہ اور دیرپا حل کے فروغ کے لیے کام جاری رکھیں گے، اسحاق ڈار

مرکزی کردار ہوں۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار منگل کو یہاں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے موقع پر فلسطین سے متعلق اور او آئی سی کمیٹی آف سکس کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا ۔نائب وزیراعظم وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے او آئی سی کمیٹی آف سکس کے وزرائے خارجہ کے لیے اتفاق رائے سے منتخب ہونے پر پاکستان کے مستقل مندوب اور مستقل نمائندے علیحہ خان کو مبارکباد دی۔ اجلاس میں فلسطین کے منصفانہ اور دیرپا حل کے فروغ کے لیے کام جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ اجلاس میں رکن ممالک کے وزرائے خارجہ، فلسطینی قیادت اور اقوام متحدہ کے حکام نے شرکت کی۔ (باقی صفحہ 3 کالم 1)



اسلام آباد: ہائی کمشنر برائے برطانیہ جین میریٹ کی سکیم وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کر رہی ہیں

جماعت اسلامی کا وزیراعظم کی وطن واپسی تک لانگ مارچ مؤخر کرنے کا اعلان

وزیراعظم شہباز شریف نے ہم سے مارچ مؤخر کرنے کی درخواست، وطن واپس آکر ہم سے ملاقات کریں گے، حافظ نعیم الرحمان

جماعت اسلامی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے اور یوٹی کے خلاف احتجاج اور لانگ مارچ سے پیچھے نہیں ہٹے گی، میڈیا سے گفتگو

ملتان (این این آئی)امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے وزیراعظم شہباز شریف کے وطن واپسی تک اسلام آباد لانگ مارچ مؤخر کرنے کا اعلان کردیا۔ پارٹی رہنماؤں کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ جماعت اسلامی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے اور یوٹی کے خلاف احتجاج اور لانگ مارچ سے پیچھے نہیں ہٹے گی، انہوں نے کہا کہ عوام بھیگاں کی آگ میں جل رہے ہیں، ہماری شٹرڈاؤن ہڑتال کی وجہ سے حکومت پر دباؤ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3)



سیشل آفریدی کی لاہور آمد پر ذفعہ 144 کی خلاف ورزی، پی ٹی آئی کے 41 کارکنان کی گرفتاری کا فیصلہ

لاہور (این این آئی)لاہور میں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی آمد پر دفعہ 144 کی خلاف ورزی میں شوت ریلی و تاقتے میں شریک 32 گاڑیوں اور 41 کارکنوں کی فہرست مرتب کرلی گئی۔ پولیس ذرائع کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4)

لاہور: جاسوسی اثرات لاہور میں حافظ اسعد عبید کی زیر صدارت حفاظت ٹریننگ سیمینار میں علما موجود ہیں

فیصل آباد پریس کلب میں ڈسپنسری کا قیام، ممبران و اہلخانہ کو طبی سہولیات کی فراہمی

فیصل آباد پریس کلب میں ڈسپنسری کا قیام، ممبران و اہلخانہ کو ادویات اور طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی

ممبران اور ان کے اہلخانہ کو ضرورت کے مطابق ادویات فراہم کی جائیں گی جبکہ شوگر چیک کرنے کی سہولت بھی دستیاب ہوگی

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) گروپ لیڈر و سابق صدر فیصل آباد پریس کلب شاہد علی، صدر محمد بلال ڈوگر، سیکرٹری شوکت بلوچ اور سابق سیکرٹری سید انوار حسین کی کاوشوں سے فیصل آباد پریس کلب میں ممبران اور ان کے لیے ڈسپنسری قائم کردی گئی ہے، جہاں مختلف بیماریوں کے علاج، طبی معائنہ اور ادویات کی فراہمی کی سہولت دستیاب ہوگی۔ سی ای او ہیلتھ لائنز فاؤنڈیشن ڈاکٹر شہزاد محمود کی جانب سے پریس کلب ڈسپنسری کے لیے پی ایچ پریس، کلوگو میٹر، شوگر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 35)



پشاور: وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے مشیر زراعت میاں محمد امجاد کی صدارت کر رہے ہیں

عدالتی فیصلے کی توہین پر کارروائی ہوگی، حکومت سے مذاکرات کا راستہ کھلا ہے، طلال چوہدری

وزیر اعلیٰ کے حلف میں بھی واضح ہے کہ وہ ایسا نہیں کر سکتے، مذاکرات کے لیے وزیراعظم کی قائم کردہ کمیٹی آج بھی موجود ہے

اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ تمام صوبوں اور اداروں پر لاگو ہوگا، وزیر مملکت داخلہ کی میڈیا سے گفتگو

بانی کو رہا کرنا ہے کہ وہ ایسا نہیں کر سکتے، مذاکرات کے لیے وزیراعظم کی قائم کردہ کمیٹی آج بھی موجود ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ اسلام آباد

بانی کو رہا کرنے کا فیصلہ تمام صوبوں اور اداروں پر لاگو ہوگا، فیصلے کی توہین کرنے والا توہین عدالت کا مرتکب ہوگا، انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 36)



پولیس والوں کے ٹھنڈے کمروں میں بیٹھ کر دماغ کام نہیں کر رہے لاہور ہائیکورٹ

کیوں نہ آپ سے پچھلے پانچ سال کا پولیس افسران کے خلاف کورٹ آرڈر پر کارروائیوں کا ریکارڈ طلب کیا جائے

اگر آپ اس عدالت کیساتھ ایسا کر رہے ہیں تو باقی عدالتوں کے ساتھ کیا کرتے ہوں گے، چیف جسٹس عالیہ نیلم کی سی سی پی او پر برہم

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ عالیہ نیلم نے لاہور پولیس کی کارکردگی اور عدالت میں جمع کروائی جانے والی رپورٹس پر سخت اظہار برہمی کیا ہے۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے شیری مزمن خان کی درخواست پر سماعت کی، درخواست گزار نے 2021ء میں سی سی پی او فیاض احمد کے خلاف توہین عدالت کی درخواست دائر کی تھی، ایڈووکیٹ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 38)

موجودہ سماعت کے دوران سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ، ڈی آئی جی ایڈمن عمران کشور کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے جبکہ ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل نے بھی عدالت میں پیش ہو کر معافی مانگی۔ جسٹس عالیہ نیلم نے استفسار کیا کہ کیا آپ کو معلوم ہے کہ آپ کے ماتحت افسران کیا کر رہے ہیں؟ آپ کے ماتحت افسران نے عدالت کے ساتھ کیا کیا ہے؟ آپ کے

Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ
پبلک
فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول امین پور بازار سے چھپوا کر بلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ سمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

ایک دھرنے سے تاجروں کو 120 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے

وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ خیبر پختون خوا میں ساڑھے بارہ سال سے ایک حکومت موجود ہے، یہاں ترقی کا فقدان ہے، توجہ دینے کی ضرورت ہے، بنیر، ٹو بیکو، مائننز اینڈ منرلز اور گولڈ مائننگ کے شعبے کن لوگوں کو دیئے گئے؟ کیا صوبائی حکومت ٹیکس کا پیسہ اکٹھا نہیں کر سکتی؟ خیبر پختونخوا میں سرکاری وسائل عوام کے لئے ہیں، احتجاجوں کے لئے نہیں، ترقی ان کا مینڈیٹ نہیں، ان کا مینڈیٹ صرف قیدی کو رہا کرنا ہے، بیرسٹر گوہر کے پاس نہ فیصلہ کرنے کا اختیار ہے، نہ اس پر عمل درآمد کرنے کا اختیار ہے، نہیں معلوم فیصلہ سازی کا اختیار کس کے پاس ہے، پی ٹی آئی وہ جماعت ہے جو کبھی پر امن نہیں رہ سکتی، ایک دھرنے سے تاجروں کو 120 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے، سیاستدانوں کو اپنے رویوں میں نرمی لانا ہوگی، اختلاف عزت کے ساتھ کریں گے، منگل کو یہاں پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کوہاٹ سے خیبر پختونخوا کے دورے کا آغاز کیا، خیبر پختونخوا غیور عوام کی دھرتی ہے، انہوں نے کہا کہ کوہاٹ واقعہ کے دشمنوں اور شہداء کے لواحقین سے ملاقات ہوئی، ان کے حوصلے بلند دیکھے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ شہید پولیس کانسٹیبل فہیم اللہ کے والد نے اپنے بیٹے کی شہادت پر فخر کا اظہار کیا، پشاور پریس کلب کی دنیا میں منفرد حیثیت ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پشاور سے صحافیوں نے دہشت گردی کی جنگ میں بڑی قربانیاں دی ہیں، فرائض کی ادائیگی کے دوران شہید ہونے والے میڈیا ورکرز اور صحافیوں کا ڈیٹا ہمیں تیار کیا جائے، شہید اور دوران سروس وفات پانے والے صحافیوں اور میڈیا ورکرز کے لئے لائحہ عمل مرتب کیا جائے گا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ شہداء کے لواحقین پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پشاور کلب کی قومی یادگار ہے، متوازن پالیسی ہے، ایبٹ آباد شرس کے بھی پشاور کی طرح پاکستان کی بڑی یادگار ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ 9 مئی کو ریڈیو پاکستان پشاور کی نذر آتش کی جانے والی عمارت وزیر اعظم کی ہدایت پر مکمل طور پر فعال کر دی گئی ہے، ریڈیو پاکستان کے دروازے صحافیوں کے لئے کھلے ہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پشاور کے صحافی ریڈیو پاکستان کے اسٹوڈیوز کے ذریعے پوڈ کاسٹ اور وی لاگ ریکارڈ کر سکتے ہیں، پوڈ کاسٹ اسٹوڈیوز سمیت دیگر اسٹوڈیوز یہاں کے صحافیوں کے لئے دستیاب ہونے چاہئیں۔

ترقی کے ثمرات پنجاب کے ہر علاقے تک پہنچانے کا عزم
پنجاب کی ترقی کا نیا رخ، ہر ضلع کو برابر توجہ

عوامی پارک یا بہتر سفری سہولت بھی اسی ترقیاتی سلسلے کا حصہ ہیں۔ اصل کامیابی اس وقت سامنے آتی ہے جب منصوبہ عام شہری کی روزمرہ زندگی میں آسانی پیدا کرے اور اس کے اثرات شہری مراکز سے نکل کر تحصیلوں اور دیہی علاقوں تک پہنچیں۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق پنجاب کے لیے متوازن ترقی کی اصل آزمائش یہی ہے کہ جدید وسائل کو ایسے انداز میں استعمال کیا جائے جس سے بڑے شہروں کی ضروریات بھی پوری ہوں اور نسبتاً دور دراز علاقوں کو بھی ان کا جائز حصہ ملے۔ لاہور، فیصل آباد، راولپنڈی، گوجرانوالہ اور ملتان جیسے بڑے شہری مراکز اپنی خصوصی ضروریات رکھتے ہیں، لیکن جنوبی پنجاب، پوٹھوہار، وسطی پنجاب اور دیگر علاقوں کے چھوٹے شہروں اور دیہی آبادیوں کی ضروریات بھی کم اہم نہیں۔ اگر ترقیاتی منصوبوں میں آبادی کے ساتھ پسماندگی، جغرافیائی فاصلے، بنیادی سہولتوں کی کمی اور مقامی ضرورت کو بھی شامل کیا جائے تو وسائل کی تقسیم زیادہ منصفانہ اور مؤثر بن سکتی ہے۔

پنجاب کے نہتا پسماندہ ضلع اور تحریری سے ترقیاتی ہول شہری آبادیاں موجود ہیں، وہاں ترقیاتی ترجیحات کا تعین آبادی، ضرورت اور

تجزیہ: راجا محمد الیاس کیانی

دستیاب وسائل کی بنیاد پر کرنا انتظامی انصاف کے تصور کو مضبوط بنا سکتا ہے۔ تازہ ملاقات میں ملتان کے حوالے سے متعدد ترقیاتی تجاویز بھی زیر بحث آئیں۔ وزیراعلیٰ نے شجاع آباد اور خان کنڑ سے جڑے شہروں کی ضروریات پل کی تجویز سے متعلق بریفنگ لی، خانیوال روڈ کی توسیع اور انرسٹرو ٹریفک کا حکم دیا جبکہ ہمدرد وسائل کو ایسے انداز میں استعمال کیا جائے جس سے بڑے شہروں کی ضروریات بھی پوری ہوں اور نسبتاً دور دراز علاقوں کو بھی ان کا جائز حصہ ملے۔ لاہور، فیصل آباد، راولپنڈی، گوجرانوالہ اور ملتان جیسے بڑے شہری مراکز اپنی خصوصی ضروریات رکھتے ہیں، لیکن جنوبی پنجاب، پوٹھوہار، وسطی پنجاب اور دیگر علاقوں کے چھوٹے شہروں اور دیہی آبادیوں کی ضروریات بھی کم اہم نہیں۔ اگر ترقیاتی منصوبوں میں آبادی کے ساتھ پسماندگی، جغرافیائی فاصلے، بنیادی سہولتوں کی کمی اور مقامی ضرورت کو بھی شامل کیا جائے تو وسائل کی تقسیم زیادہ منصفانہ اور مؤثر بن سکتی ہے۔

ایل این جی کی قلت، توانائی تحفظ کی جامع حکمتِ عملی وقت کی ضرورت

تجزیہ بی این پی

خدشہ ظاہر کیا ہے۔

اس صورتحال میں فوری ضرورت گھریلو یا کمرشل صارفین کو مکمل متبادل فیصلے کی نہیں بلکہ ایل این جی کی فراہمی میں عارضی تعطل کے دوران توانائی کے متبادل ذرائع کو مستحکم کرنے کی ہے۔ جس میں قلیل مدتی ضرورت کو پورا کرنا ہو اور طویل مدت کے لیے مکمل توانائی تحفظ کی بنیاد بھی مضبوط ہو۔ حکومت کو چاہیے کہ ایل این جی کی فوری قلت سے نمٹنے کے لیے مائع قدرتی گیس کی درآمد کو یقینی بنائے، اس کے علاوہ دیگر ممالک کے ساتھ بھی قابل عمل تجارتی انتظامات کرے۔ پاکستان پہلے ہی اس ضمن میں ایران کے ساتھ مارکیٹ سے اضافی گیس کا حصول کرنے کی کوشش کر رہا ہے اور مختلف ذرائع سے ایل این جی کے حصول کی کوششیں کی گئی ہیں۔

تاہم ایران مارکیٹ مستقل حل نہیں ہو سکتی کیونکہ عالمی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کے باعث مہنگے گھریلو گیس اور صنعت کی لاگت میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ اس لیے طویل المدتی معاہدوں کے ساتھ درآمدی ذرائع کے معاہدوں اور تھرمل پاور پلانٹس کو ایسا احتیاج ضروری ہے جس سے قیمت، دستیابی اور رسد کے تحفظ کے درمیان توازن قائم رہے۔ پاکستان کو امریکہ، عمان، آذربائیجان اور ترکمنستان سے پائپ لائن گیس اور ایل این جی کی دستیابی کے امکانات کا جائزہ لینا چاہیے تاکہ کسی ایک جغرافیائی راستے کی بندش پر بھی توانائی زنجیر کو منتشر نہ کیا جا سکے۔ یہ فیصلہ قیمت، ترسیل کے وقت، مالی شرائط اور قومی ضرورت کو سامنے رکھتے ہوئے ہونا چاہیے۔

تجزیہ بی این پی کے اقدامات "میں سب سے اہم نکتہ یہ ہے کہ ایل این جی کی موجودہ بحران کو کمرشل درآمدی گیس کو حاصل کرنے کا مسئلہ نہ سمجھا جائے بلکہ اسے قومی توانائی تحفظ کے جامع منصوبے میں تبدیل کیا جائے۔ اس منصوبے کا پہلا ستون گیس ذخیرہ کرنے کی صلاحیت میں نمایاں اضافہ ہونا چاہیے۔ پاکستان میں اگر مناسب مقدار میں گیس اور ایل این جی ذخیرہ کرنے کی سہولت موجود ہو تو عالمی منڈی کا سنددی راستے میں چند روز رکاوٹ فوری طور پر بحران نہیں بنتی۔ ذخیرہ کرنے کی صلاحیت سے ہنگامی خریداری کا بوجھ بھی کم ہوتا ہے اور قیمتوں کو متاثر نہیں کرے گی۔ گیس اسٹوریج کے منصوبوں میں نجی شعبے کو سرمایہ کاری کے مواقع دینا اور موجودہ انفراسٹرکچر کو جدید بنانا بھی اہم ہے۔ صنعتی، شہری مراکز کے قریب ذخیرہ گاہیں قائم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ گیس اسٹوریج کے منصوبوں میں نجی شعبے کو سرمایہ کاری کے مواقع دینا اور موجودہ پالیسوں کو واضح کرنا ہے کہ انتظامات کے حل کے لیے مقامے کا راستہ بند نہیں کیا گیا، تاہم قومی سلامتی، شہریوں کے تحفظ اور ریاستی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق اس بیان کو محض ایک سخت سنسوری پیغام کے طور پر دیکھنے کے بجائے پاکستان کی مجموعی حکمت عملی کے تناظر میں سمجھنے کی ضرورت ہے۔ پاکستان کی بنیادی شکایت افغانستان یا افغان عوام سے نہیں بلکہ ان سنج گروہوں سے ہے جو پاکستان میں دہشت گردی کے لیے افغان سرزمین استعمال ہونے کی بات کرتے ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے بھی واضح کیا ہے کہ پاکستان کا بنیادی مطالبہ یہ ہے کہ افغان سرزمین پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال نہ ہو۔ ان کے مطابق اگر افغان طالبان اس مسئلے کو حل کرے تو دونوں ملکوں کے تعلقات میں بہتری کی گنجائش موجود ہے۔

تجزیہ بی این پی

یہ موقف اس لحاظ سے بھی اہم ہے کہ پاکستان نے افغانستان کے ساتھ مفاہمتی اور سیاسی رابطے کے امکان کو ختم نہیں کیا۔ اختلافات کتنے ہی شدید کیوں نہ ہوں، مسلسلہ ممالک کے درمیان مستقل رابطہ بہرحال ضروری رہتا ہے۔ سرحدیں تبدیل نہیں کی جا سکتیں، جغرافیہ اپنی جگہ موجود رہتا ہے اور دونوں معاشروں کے درمیان عوامی سطح پر آمد و رفت موجود رہتی ہے۔ اس لیے پائیدار امن کا راستہ کسی نہ کسی مرحلے پر سیاسی و سفارتی گفتگو سے نکلتا ہے۔ تجزیہ بی این پی کا کہنا ہے کہ اس بیان کو محض کی کامیابی اسی وقت ممکن ہے جب اسے دہشت گردی کے مسئلے پر عملی اقدامات بھی ساتھ آئیں۔

پاکستان نے افغانستان سے یہ مطالبہ بھی کیا ہے کہ وہ دوحہ معاہدے میں کیے گئے وعدوں کو پورا کرے۔ پاکستان کا موقف ہے کہ افغان سرزمین کو دوسرے ممالک کے خلاف دہشت گرد سرگرمیوں کے لیے استعمال نہیں ہونا چاہیے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے اسی تناظر میں کہا ہے کہ اگر ان وعدوں پر عمل نہ کیا گیا تو پاکستان اپنے دفاع کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ سرکاری ریڈیو کی رپورٹ میں بھی یہی موقف سامنے آیا کہ پاکستان اپنے شہریوں کی جان، عزت اور


افغانستان سے بات چیت کا راستہ، دہشت گردی کے خلاف کوئی سمجھوتہ نہیں

پاکستان اور افغانستان کے تعلقات ایک ایسے نازک مرحلے سے گزر رہے ہیں جہاں ایک طرف دونوں ملکوں کے درمیان تاریخی، مذہبی، ثقافتی اور جغرافیائی رشتے موجود ہیں اور دوسری طرف افغان سرزمین سے پاکستان کے خلاف ہونے والی دہشت گردی ایک سنگین سیکیورٹی چیلنج بن چکی ہے۔ ایسے ماحول میں ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کا یہ بیان خاص اہمیت رکھتا ہے کہ پاکستان افغانستان کے ساتھ بات چیت کر سکتا ہے، لیکن دہشت گردوں کے ساتھ مذاکرات نہیں ہوں گے۔ دراصل پاکستان کی پالیسی کے دو بنیادی پہلوؤں کو واضح کرتا ہے کہ اختلافات کے حل کے لیے مکالمے کا راستہ بند نہیں کیا گیا، تاہم قومی سلامتی، شہریوں کے تحفظ اور ریاستی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق اس بیان کو محض ایک سخت سنسوری پیغام کے طور پر دیکھنے کے بجائے پاکستان کی مجموعی حکمت عملی کے تناظر میں سمجھنے کی ضرورت ہے۔ پاکستان کی بنیادی شکایت افغانستان یا افغان عوام سے نہیں بلکہ ان سنج گروہوں سے ہے جو پاکستان میں دہشت گردی کے لیے افغان سرزمین استعمال ہونے کی بات کرتے ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے بھی واضح کیا ہے کہ پاکستان کا بنیادی مطالبہ یہ ہے کہ افغان سرزمین پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال نہ ہو۔ ان کے مطابق اگر افغان طالبان اس مسئلے کو حل

حرمین شریفین کا تحفظ ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے، خادمِ محمود اعظم آبادی

مقدس مقامات کے خلاف جارحیت ناقابل برداشت، مسلم ممالک کو متحد ہو کر مزاحمت کرنا ہوگی



فیصل آباد (پ ر) سیاسی و دینی اور مذہبی شخصیت خالد محمود اعظم آبادی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بیت اللہ شریف اور مسجد نبوی شریف کی طرح کعبہ مکرمہ اور مدینہ منورہ سے محبت ہمارے ایمان کا حصہ اور ہماری عقیدتوں کے مراکز ہیں۔ مسلمانوں کے نزدیک انتہائی مقدس مقامات اور امت مسلمہ کی روحانی اساس ہیں۔ ان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2 پر)

پاکستان سے یوایئن جنرل اسمبلی میں مسئلہ کشمیر موثر طور پر اٹھانے کا مطالبہ

وزیراعظم کشمیری سیاسی قیدیوں کی حالت زار اجاگر کریں گے، ڈی ایف بی

سرینگر (این این آئی) ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی نے وزیراعظم شہباز شریف اور نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے دورہ امریکہ اور اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس موقع پر جموں و کشمیر کے حل طلب

دیرینہ تنازعے کو گہرائی اور موثر انداز میں اٹھائیں، اور خاص طور پر بھارت کے غیر قانونی طور پر زیر قبضہ جموں و کشمیر کی موجودہ تعین صورتحال کو بھارت کو واپس کرنے کے مطالبے پر زور دیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق، ڈی ایف پی نے ایک بیان میں زور دیا

پان بکلی کے منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں، ڈاکٹر مصطفیٰ بشیر

ان چار منصوبوں کی تکمیل سے تین یونین کونسلز کے عوام کو مقامی سطح پر بجلی دستیاب ہوگی

مظفر آباد (این این آئی) آزاد کشمیر کے وزیر صحت مامور ڈاکٹر مصطفیٰ بشیر نے کہا ہے کہ حکومت عام آدمی کی فلاح و بہبود کے لئے اقدامات کر رہی ہے اور اسے منصوبے شروع کیے جا رہے ہیں جن سے عوام کو براہ راست فائدہ پہنچے، آزاد کشمیر میں بنیادی ترقی کے لیے توانائی کے تحفظ کے لیے ہر ممکن کردار ادا کریں گے۔

پان بکلی کے منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں، ڈاکٹر مصطفیٰ بشیر

ان چار منصوبوں کی تکمیل سے تین یونین کونسلز کے عوام کو مقامی سطح پر بجلی دستیاب ہوگی

مظفر آباد (این این آئی) آزاد کشمیر کے وزیر صحت مامور ڈاکٹر مصطفیٰ بشیر نے کہا ہے کہ حکومت عام آدمی کی فلاح و بہبود کے لئے اقدامات کر رہی ہے اور اسے منصوبے شروع کیے جا رہے ہیں جن سے عوام کو براہ راست فائدہ پہنچے، آزاد کشمیر میں بنیادی ترقی کے لیے توانائی کے تحفظ کے لیے ہر ممکن کردار ادا کریں گے۔

نکیال میں قبضہ مافیا کے خلاف کارروائی کی جائے، جاوید اقبال بڈھانوی

عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے ہر ممکن کردار ادا کریں گے۔

نکیال (این این آئی) شیئر ہولڈر پارٹی کے مرکزی رہنما جاوید اقبال بڈھانوی نے اضلاع انجمن تاجران نکیال کے عہدیداران کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نکیال میں مختلف گروپس کی جانب سے خاصہ سرکار اور جنگلات کی اراضی پر قبضے کی کوششیں جاری ہیں، جنکے عام لوگوں کی زمینیں بھی بھیڑ طور پر بھتیالی جا رہی ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے جاوید اقبال بڈھانوی نے کہا کہ ان کے دور حکومت میں نکیال کے عوام کو قبضہ مافیا سے نجات دلانے اور لوگوں کی جان، مال اور زمین کے تحفظ کے لیے اقدامات کیے گئے تھے۔

کشمیری قیدیوں کی صورتحال کا آزادانہ جائزہ لیا جائے، عزیز عزمالی

انسانی و قانونی حقوق کے تحفظ کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔

مظفر آباد (این این آئی) چیئرمین پاسبان حریت عزیز احمد غزالی نے بھارتی جیلوں میں قید کشمیری سیاسی رہنماں، کارکنوں، انسانی حقوق کے دفاعیوں، صحافیوں اور دیگر افراد کی طویل حراست، جیلوں میں طبی سہولیات اور ان کے خاندانوں کو درپیش مشکلات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے عالمی انسانی حقوق کی تنظیموں، اقوام متحدہ اور انٹرنیشنل کمیٹی آف ریڈ کراس سے مطالبہ کیا ہے کہ کشمیری قیدیوں کی صورتحال کا آزادانہ جائزہ لیا جائے اور ان کے بنیادی انسانی و قانونی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

مجرہ شاہ مقیم، ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کا پلگیشن پوائنٹس کا دورہ، صفائی آپریشن کا جائزہ

ایم ڈی اسٹمرا جناب اکرم سلیم چشتی کے ہمراہ مختلف مقامات کا معائنہ، کیمپس تعمیق بنانے کی ہدایت

مجرہ شاہ مقیم (این این آئی) ڈپٹی کمشنر اوکاڑا محمد اکرام ملک نے ایم ڈی اسٹمرا جناب احمد سلیم چشتی کے ہمراہ شہر کے مختلف پلگیشن پوائنٹس کا دورہ کیا اور صفائی ستھرائی کے عمل کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام پلگیشن پوائنٹس کی باقاعدگی سے نشاندہی کی جائے اور جو جگہ صفائی کے لحاظ سے ناقابل قبول ہو وہاں کوڑا کرکٹ کی بروقت پکیجنگ اور مناسب تعمیق یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے "ستھرا پنجاب" وژن کے تحت ضلع بھر میں صفائی کے بہترین انتظامات کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

بھارت، یوپی میں ہندو انتہا پسندوں کا مسلم بریانی فروش پر تشدد

ہمارے پاس گوشت فروخت کرنے کے باقاعدہ لائسنس موجود ہیں اور ہم گائے کا گوشت فروخت نہیں کرتے، متاثرہ دکاندار

لکھنؤ (این این آئی) بھارتی ریاست اتر پردیش میں مسلمانوں کے خلاف ہندو انتہاپسندوں کی کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ ایک تازہ واقعہ میں بجرنگ دل کے کارکنوں نے گوشت لے جانے والے ایک 40 سالہ مسلمان بریانی فروش کو روک کر تشدد کا نشانہ بنایا اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق ہوتا کے قصائی محلہ کا رہائشی رضوان بدی سبھ کے قریب بریانی کا اسٹال لگاتا ہے۔ وہ احتجاجا علاقے میں اپنے اسٹال کے لیے گوشت لے جا رہا تھا کہ بجرنگ دل سے وابستہ تین افراد نے اسے روک لیا اور تشدد کا نشانہ بنایا۔ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی ایک ویڈیو میں رضوان کو زمین پر گرا کر تشدد کا نشانہ بنتے دیکھا جا سکتا ہے۔ حملے میں اس کے سر اور چہرے پر چوٹیں آئیں۔ پولیس نے رانا پاوہ، شاہو اور سورج کو واقعے میں ملوث افراد کے طور پر

کراچی چیمبر کے 26 ستمبر کے انتخابات، بی ایم اے نے منشور کا اعلان کر دیا

کراچی کے تمام اضلاع میں چیمبر کے ڈی فائر قائم، میرٹ و شفافیت یقینی بنانے اور تاجروں کے حقوق کے تحفظ کا اعلان

کراچی (این این آئی) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے 26 ستمبر کو ہونے والے سالانہ انتخابات کے سلسلے میں بزنس مین الائنس (بی ایم اے) کی قیادت اور ناردرن امیدواروں نے اپنے منشور اور انتخابی ترجیحات کا اعلان کر دیا۔ کراچی میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بی ایم اے کے چیئرمین آصف نجی اور دیگر رہنماؤں نے کہا کہ الائنس کی کامیابی کی صورت میں ٹریڈ لائسنس کا اجراء ون ونڈو آپریشن کے تحت یقینی بنایا جائے گا، تاجروں کے حقوق کے تحفظ کیلئے جدید جدوجہد کی جائے گی اور کسی بھی غیر قانونی اقدام کی مخالفت کی جائے گی۔ آصف نجی نے کہا کہ کراچی کے تمام اضلاع میں کراچی چیمبر کے ڈی فائر قائم کیے جائیں گے تاکہ ساتھی تاجروں کو مسائل کے حل کیلئے دور دراز علاقوں میں سفر نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے 4 اضلاع کے تجارتی لائسنس کا معاملہ بھی عدالت میں اٹھایا گیا ہے

پنجاب یونیورسٹی اور شان ڈوگ اکیڈمی آف جائنٹ میڈیسن نے طبی مسائل کی تحقیق و تدقیق کا پلیٹ فارم قائم کر دیا

لاہور (این این آئی) پاکستان اور چین کے درمیان دواسازی کی تحقیق اور روایتی طب کے شعبے میں تعاون کو آگے بڑھانے کے لیے پنجاب یونیورسٹی کالج آف فارمیسی اور شان ڈوگ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 30)

کراچی کے کھارادر میں ڈکیتی کے دوران شہری کے قتل کا ملزم گرفتار

ملزم کے قبضے سے پستول، موٹر سائیکل اور 3 لاکھ روپے برآمد، ساتھی کی گرفتاری کیلئے کارروائیاں جاری

کراچی (این این آئی) ساتھیوں زون پولیس نے کھارادر میں ڈکیتی کے دوران شہری کے قتل میں ملوث ملزم محمد فیضان کو گرفتار کر لیا، جبکہ واردات میں ملوث اس کے ساتھی شاہ فیصل کی گرفتاری کیلئے کارروائیاں جاری ہیں۔ پولیس کے مطابق 9 ستمبر کو ممین اختر شہید ڈنی ہوگے اپنے بیٹے کے ہمراہ کچن کا سامان خریدنے کے بعد موٹر سائیکل سوار 2 مسلح ملزمان نے ان سے 2 موبائل فون چھیننے کی کوشش کی۔ مزاحمت پر ملزمان نے فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں ممین اختر شدید زخمی ہوگئے اور جانبحق دم توڑ گئے۔

ایئرپورٹ کے اطراف ہوٹلوں، میرج ہالز پر رات کو کھانا اور کچرا کھلے عام پھینکنے پر پابندی

پرندوں سے طیاروں کے تصادم کی روک تھام کیلئے 4 گلیمنٹر فلش زون میں 25 سے 30 ہوٹلوں، ریسٹورنٹس اور میرج ہالز کی نگرانی کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) کراچی ایئرپورٹ کے اطراف طیاروں سے پرندوں کے ٹکرانے کے واقعات کی روک تھام و فضائی سفر کو محفوظ بنانے کیلئے ہوٹلوں، ریسٹورنٹس اور میرج ہالز پر رات کے اوقات میں کھانا اور کچرا کھلے عام پھینکنے پر پابندی عائد کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ کمشنر کراچی سید حسن نقوی کی زیر صدارت اجلاس میں ایئرپورٹ کے 4 کلومیٹر فلش زون میں پرندوں کو متوجہ کرنے والے کچرے کے ذرائع کے حوالے بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں زون میں واقع 25 سے 30 ہوٹلوں، ریسٹورنٹس اور میرج ہالز کی فہرست کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ہوٹلوں اور میرج ہالز کے مالکان کو صفائی کا مؤثر نظام قائم کرنے اور سینیٹیشن عملہ مقرر کرنے کا پابند بنایا جائے گا، جبکہ رات کے اوقات میں کھانا اور کچرا کھلے عام ڈمپ کرنے پر مکمل پابندی ہوگی۔

دنیا میں پائیدان امن کیلئے مسئلہ کشمیر اور فلسطین کا حل ضروری ہے، ملک امیر کابل

عالمی امن کے قیام کیلئے مذاکرات اور سفارتکاری کے ذریعے تنازعات کا حل ناگزیر ہے، صدر اور وزیر پاکستان و ڈپٹی کونسل کشمیر فورم یو کے ایوب

لندن (این این آئی) سابق مشیر صدر ریاست آزاد جموں و کشمیر و صدر اور وزیر پاکستان و ڈپٹی کونسل کشمیر فورم یو کے/یورپ ملک امیر کابل نے کہا ہے کہ عالمی امن کے قیام کے لیے مذاکرات اور سفارتکاری کے ذریعے تنازعات کا حل ناگزیر ہے یہ پائیدار امن کی ضمانت ہے اقوام متحدہ کے چارٹر کے اصولوں کے احترام اور مکالمے کے ذریعے حاصل کیا جا سکتا ہے پاکستان عالمی امن اور استحکام کے لیے اپنا کردار جاری رکھے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا پاکستان کے امن دستے گزشتہ

Scanned with CamScanner

TENDER NOTICE
Allied Hospital-I, Faisalabad

1. **Allied Hospital-I, Faisalabad** invited e-Bids from its already prequalified firms registered on **Punjab e-procurement System** (https://ep.punjab.gov.pk) and with relevant Registration Authorities and Tax Departments/ Authorities under Annual Development Program (ADP) Scheme for the procurement, supply, installation, commissioning & maintenance followings Equipment & Machinery separately:

Sr.#	Name of Equipment & Machinery	Mode	Estimated Cost Inclusive of Tax (Million)	Bid Security
1.	CT Simulator (64-Slices) Inclusive of Accessories	CIF	193.6	2% of Estimated cost (Amount= Rs. 3,872,000/-)

2. Bidding Documents containing details in the English language are immediately available after date of publication which can be downloaded from the website of Punjab Procurement Regulatory Authority http://ppra.punjab.gov.pk and e.p Punjab portal https://ep.punjab.gov.pk
3. **e-Bids shall be submitted online on or before 15.10.2026 (Thursday) at 11:00 AM on Punjab e-procurement System** (https://ep.punjab.gov.pk). The bidders are encouraged to get them registered on ep.Punjab portal to enable them for participation. The **e-Bids submitted till stipulated date and time will be opened on the same day at 11:30 AM** in the presence of the bidders' representatives who may choose to be present at the address below. Interested eligible bidders may obtain further information from the Office mentioned below before e-Bid opening date within working hours. Hard Copies of bids are not required. The procuring agency shall not be responsible for any failure on part of firms to submit an e-Bid on account of any technical error or internet failure. In case e-bid including entries and record submitted on e-bid is found corrupt, unreadable or contains virus such e-bid shall be rejected.
4. **Pre-bid meeting** has been scheduled for **30.09.2026 (Wednesday) at 11:00 AM** in the committee room of Allied Hospital-I, Faisalabad. Minutes of pre-bid meeting shall be uploaded on the website of Punjab e-procurement System (https://ep.punjab.gov.pk) which will be considered as addendum to bidding documents.
5. The Procuring agency shall not be responsible for any cost or expense incurred by bidders in connection with the preparation or submission of bids. In case of official holiday on the day of opening of e-bids the next day will be treated as opening date. The same venue shall remain same.
6. Procurement shall be governed by Punjab Procurement Rules 2014 (amended to date) and Punjab Procurement Regulations 2024.
7. The URL of the website of the PPRA is (http://eproc.punjab.gov.pk/viewTender.aspx) and response time shall be calculated exclusively from the date of publication of the advertisement on the website of the PPRA.

Medical Superintendent
Allied Hospital-I, Faisalabad
Jail Road, Faisalabad. Ph. 041-920010082
Email: ahf_fsd@yahoo.com

IPL: 9995

ڈی پی او ننکانہ کا سانگلہ ہل کے تھانوں اور چوکیوں کا دورہ، ریکارڈ کی انسپکشن

پندرویاں پولیس چوکی میں کھلی کچہری، شہریوں کی شکایات پر فوری احکامات، سائلین سے خوش اخلاقی سے پیش آنے کی ہدایت

سانگلہ ہل (این این آئی) ڈی پی او ننکانہ صاحب ارسلان زاہد نے سرکل سانگلہ ہل کے مختلف تھانوں اور پولیس چوکیوں کا دورہ کرتے ہوئے انسپکشن کی۔ اس موقع پر ارسلان زاہد نے تھانہ سٹی سانگلہ ہل کا بھی دورہ کیا اور تھانے کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے فرنٹ ڈیسک، شہریوں کی درخواستیں اور شکایات سننے اور متعلقہ افسران کو مسائل کے فوری حل کے لیے موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او ارسلان زاہد نے تھانہ سٹی سانگلہ ہل کا بھی دورہ کیا اور تھانے کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے فرنٹ ڈیسک، ویٹنگ روم، ملٹی خانہ، سی سی ٹی وی کنٹرول روم، تفتیشی روم اور حوالات کا جائزہ لیا جبکہ زیر حراست خواتین کی فہرست اور دیگر ریکارڈ رجسٹر بھی چیک کیے، اس موقع پر ڈی پی او نے تھانے کے فرنٹ ایریا کی مثالی ستھرائی، زیر حراست (باقی صفحہ اندرونی نمبر 27)

شکر گڑھ کے عوامی حلقوں کا میزائل چوک کا نام "ختم نبوت چوک" رکھنے کا مطالبہ

شہر کے مرکزی چوک کا نام "ختم نبوت چوک" رکھا جائے تاکہ آنے والی نسلیں اس عظیم عقیدے کی اہمیت سے روشناس رہیں

شکر گڑھ (این این آئی) شکر گڑھ کے عوامی و سماجی حلقوں نے میزائل چوک کا نام تبدیل کر کے "ختم نبوت چوک" رکھنے کا مطالبہ کر دیا۔ شہریوں، تاجر برادری اور نبوت پر مسلمان کے ایمان کا بنیادی حصہ ہے۔ اس مناسبت سے شہر کے مرکزی چوک کا نام "ختم نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چوک" رکھا جائے تاکہ آنے والی نسلیں اس عظیم عقیدے کی اہمیت سے روشناس رہیں۔

مذہبی حلقوں کے ایک اہم اجلاس جس میں سیمر حماد شیخ محمد الیاس، کالم نگار ندیم اختر ندیم و شرکاء نے متفقہ اختیار کیا کہ عقیدہ ختم نبوت ہر مسلمان کے ایمان کا بنیادی حصہ

وزیراعلیٰ سے بات چیت کا راستہ، دہشت گردی کے خلاف کوئی سمجھوتہ نہیں

معمول دیا رہتا ہے۔ اگر جدید تشخیصی اور علاج کی سہولتیں بڑے مراکز سے نکل کر دوسرے بڑے شہروں تک پہنچ جائیں تو مریضوں کو طویل سفر، اضافی اخراجات اور انتظار کی مشکلات سے کسی حد تک نجات مل سکتی ہے۔ تاہم ایسے منصوبوں کی پائیدار کامیابی کے لیے صرف مشین کی تنصیب کافی نہیں؛ تربیت یافتہ طبی عملہ، مستقل دیکھ بھال، ادویات، تکنیکی معاونت اور شفاف انتظامی نظام بھی ضروری ہیں۔ یہی وہ پہلو ہے جہاں منصوبے کے اعلان اور اس کے مستقل عوامی فائدے کے درمیان اصل فرق پیدا ہوتا ہے۔ پنجاب کی ترقیاتی حکمت عملی میں آبادی کے تناسب کو بنیاد بنانے کی بات بھی اسی وجہ سے اہم ہے۔ آبادی کے اعتبار سے بڑے ضلع کو زیادہ بنیادی سہولتوں کی

بقیہ نمبر 1

بجٹ میں صحت کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہونی چاہیے اس موقع پر پاک فوج کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہماری بہادر پاک فوج اور قوم نا قابل تسخیر ہے دشمن کو ہر میدان میں بھاری نقصان اٹھانا پڑا ہے ہماری بہادر پاک فوج نے سانحہ کوہاٹ کے شہداء کے علاوہ 12 مئی کو کراچی کے خاتمے کے لیے روزانہ کی بنیاد پر لازوال قربانیاں دے رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 2

دوران لائیو لوکیشن بھیجنے کے پابند ہوں روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ جمع کی جائے گی، ڈی آئی جی ہائی وے پولیس کو ہفتہ وار بنیاد پر رپورٹ پیش کی جائے گی، ٹرینوں کی چیکنگ ایس ایچ او اور ایڈیشنل ایس ایچ او کی سربراہی میں ہوگی اور اس کے لیے ریلوے پولیس اہلکار وشفٹوں میں ڈیوٹی انجام دیں گے۔

بقیہ نمبر 3

جج ڈاکٹر مہر راجپوت کی عدالت میں حج ٹرام قائم کی حدود، بدین کے قریب گاؤں نم درس بلوچوں میں گھریلو تنازع پر مسلح جھڑپ، ڈاکٹر عبدالرزاق راجپوت کے وکیل عرفان بلوچ کے دلائل 10 گھنٹے دیر تک جاری رہے، سرکاری وکیل نے مقدمہ خارج کرنے کی استدعا کی، عدالت نے مقدمہ میں ملزمان غلام شبیر عرف بھی محمد بخش بلوچ، غلام حیدر بلوچ اور 10 دیگر کے خلاف جرم ثابت ہونے پر سزائے موت، 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی۔ سزا یافتہ ملزم پہلے سے ڈسٹرکٹ جیل بدین میں قید تھا، جسے مزید سزا بھگتنے کے لیے سینٹرل جیل حیدرآباد منتقل کر دیا گیا ہے۔ مقتول مرحوم کے وکیل عرفان بلوچ نے عدالت کے فیصلے کو انصاف کا بول بالا قرار دیا ہے، مقتول کے ورثاء کے مطابق مقدمہ کے گواہان کو مکمل تحفظ فراہم کیا گیا، پولیس اسکواڈ کے ساتھ ساتھ ایڈیشنل سیشن جج

پولیس کے شہداء کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی، شکور اعجاز

کوہاٹ دھماکہ اسلام دشمنی کا تاریک باب، نمازیوں کو نشانہ بنانے والے درندے کسی رعایت کے مستحق نہیں

دشمن عناصر ہمارے پرامن شہریوں کے حوصلے پست کرنے کی گھناؤنی سازش کررہے ہیں، رہنما پیپلز پارٹی کا بیان



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور پی پی 114 کے ٹکٹ ہولڈر چوہدری شکور گجر نے کوہاٹ میں جمعہ کی نماز کے دوران مسجد میں ہونے والے بزدلانہ خودکش حملے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے انسانیت اور اسلام دشمنی کا تاریک ترین باب قرار دیتے ہوئے کہا کہ خدا کے گھر میں، حالت نماز میں معصوم شہریوں اور نمازیوں کو نشانہ بنانے والے درندے کسی رعایت کے مستحق نہیں، دشمن عناصر ہمارے پرامن شہریوں کے حوصلے پست کرنے کی گھناؤنی سازش کررہے ہیں، لیکن وہ یہ بھول چکے ہیں کہ پاکستانی قوم اور یہاں کے غیور عوام دہشت گردی کے سامنے بھی سر نہیں جھکائیں گے انہوں نے شہدا کے لواحقین سے گہرے دکھ اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں ہم شہدا کے خاندانوں کے شانہ بشانہ ہیں۔ جبکہ زخمیوں کو (باقی صفحہ اندرونی نمبر 1)

مہنگائی کی موجودہ لہر نے غریب آدمی کیلئے جینا مشکل کردیا، اعجاز چوہدری

روز بڑھتی ہوئی تیل کی قیمتوں کے مالی بوجھ چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے ارباب اختیار، حکومت وقت اور تمام سیاسی جماعتیں اپنا اپنا قلیدی کردار ادا کریں

بجلی، پٹرول، گیس کی بڑھتی ہوئی قیمتیں عوام کیلئے وبال جان بن چکی ہیں ہماری ترجیح یہ ہونی چاہیے کہ مہنگائی کے اس دور میں عام آدمی کو کیسے ریلیف دیں



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر محمد اعجاز چوہدری نے کہا کہ آج پاکستانی عوام کا سب سے بڑا مسئلہ بدترین مہنگائی اور معاشی بحران ہے منہ زور بے لگام مہنگائی، روز بڑھتی ہوئی تیل کی قیمتوں کے مالی بوجھ چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے ارباب اختیار، حکومت وقت اور تمام سیاسی جماعتیں اپنا اپنا قلیدی کردار ادا کریں۔ بجلی، پٹرول، گیس کی بڑھتی ہوئی قیمتیں عوام کیلئے وبال جان بن چکی ہیں ہماری ترجیح یہ ہونی چاہیے کہ مہنگائی کے اس دور میں عام آدمی کو کیسے ریلیف دیں۔ ملک وقوم بدترین معاشی بدحالی کا شکار ہے مہنگائی کا سیلاب دن بدن بڑھتا ہی چلا جارہا ہے۔ جیالے اپنے محبوب لیڈر کے جنم دن کی تقریبات منا کر بھٹو ازم اور جمہوریت کی مضبوطی کے لیے تجدید عہد وفا کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ضلعی صدر محمد اعجاز چوہدری نے چیئرمین بلاول بھٹو کی 38 ویں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 6)

معاشی تھنک ٹینک کی ضلعی سطح پر تجارتی پالیسی تشکیل دینے کی سفارش

2009 سے 2012 تک برآمدی ہدف میں 4.45 فیصد شارٹ فال ہوا

لاہور (این این آئی) معاشی تھنک ٹینک اکنامک پالیسی اینڈ بزنس ڈیولپمنٹ نے تجارتی پالیسیوں کی ناکامی کی رپورٹ جاری کرتے ہوئے ضلعی سطح پر تجارتی پالیسی کی تشکیل کی سفارش کردی۔ معاشی تھنک ٹینک کی رپورٹ کے مطابق 18 ویں ترمیم کے بعد صنعت، زراعت اور ہنرمندی کے شعبے صوبوں کے پاس ہیں، تجارتی پالیسی اب بھی وفاقی سطح پر ہے۔ رپورٹ کے مطابق نئی تجارتی پالیسی کیلئے ضلعی سطح پر نچلی سطح سے حکمت عملی تیار کی جائے، 2009 سے 2025 تک تمام ٹریڈ پالیسی فریم ورک برآمدی اہداف حاصل کرنے میں ناکام رہے۔ تھنک ٹینک کی رپورٹ کے مطابق 2009 سے 2012 تک برآمدی ہدف میں 4.45 فیصد شارٹ فال ہوا۔

ایم کیو ایم کا انتظامی یونٹس کے لیے شفاف مردم شماری کا مطالبہ

197 کے بعد سے شہری سندھ کو مسلسل ناانصافیوں اور استحصال کی بھٹی میں جھونکا جارہا ہے، خالد مقبول صدیقی



کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے نئے انتظامی یونٹس کو وقت کی اہم ترین ضرورت قرار دیتے ہوئے نئی شفاف اور منصفانہ مردم شماری کا مطالبہ کردیا۔ یہ بات انہوں نے سینئر مرکزی رہنماں فاروق ستار، نسرین جلیل، وسیم اختر، اراکین مرکزی کمیٹی، قائد حزب اختلاف سندھ اسمبلی علی خورشیدی، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی ودیگر کے ہمراہ مرکز بہادر آباد سے متصل پارک میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز کراچی کے بیدار (باقی صفحہ اندرونی نمبر 5)

جنید اکبر کے بیان کے بعد گنجائش ختم ہوگئی، طارق فضل چوہدری

عدالتی فیصلہ نہ بھی آتا تب بھی اسلام آباد کو جھکتے کے حوالے نہیں کیا جاسکتا، وفاقی وزیر



اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ جنید اکبر کے بیان کے بعد گنجائش ختم ہوگئی ہے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے کہا کہ جنید اکبر کے بیان سے ظاہر ہوگیا کہ یہ اسلام آباد پر یلغار نہیں مچانے کے لیے کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر تحریک انصاف کو روکنے کے لیے جو تھوڑی بہت گنجائش دی جاسکتی تھی وہ اب ختم ہوگئی ہے، اب بائیکل زیرو ٹالرنس ہوگی۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ عدالتی فیصلہ نہ بھی آتا تب بھی اسلام آباد کو جھکتے کے حوالے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4)

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

ریلوے پولیس کا ٹرینوں میں بغیر ٹکٹ سفر کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) ریلوے پولیس نے ٹرین میں بغیر ٹکٹ سفر کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ کرلیا ہے۔ اے آئی جی آپریشنز سید ابرار عباس نے تمام ایس پیز کو مراسلہ جاری کردیا۔ اے آئی جی آپریشنز کے مراسلے کے مطابق پولیس اہلکار ٹرینوں کی چیکنگ کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2)

پٹرولیم قیمتوں میں اضافہ، بھٹہ صنعت شدید متاثر، رانا فرمان خاں

محکمہ ماحولیات کی بلاجواز کارروائیاں بند اور فیول قیمتوں میں ریلیف دیا جائے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) بھٹہ مالکان ایسوسی ایشن شیخوپورہ روڈ کے صدر رانا فرمان خاں نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے اور محکمہ ماحولیات کی غیر ضروری کارروائیوں پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ شیخوپورہ روڈ اور ملت روڈ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کی وجہ سے بھٹا کا کاروبار شدید متاثر ہوا ہے اور مالکان کے لیے پیداواتی اخراجات پورے کرنا ناممکن ہوتا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایندھن کی زیادہ قیمتوں نے پہلے ہی صنعت کو بحران سے دوچار کررکھا ہے۔

خیبر پختونخوا اسمبلی سے صوبائی وزیر کی گرفتاری کو اغوا قرار دیدیا گیا، پولیس اختیارات کم کرنے کا عندیہ

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا اسمبلی نے صوبائی وزیر فضل شکور کی گرفتاری کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے اغوا قرار دیا اور پولیس کو موردِ الزام ٹھہراتے ہوئے اختیارات کم کرنے کا عندیہ دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق خیبر پختونخوا اسمبلی کا اجلاس اسپیکر بابر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 7)

پٹرول کی قیمت ہزار روپے تک پہنچنے کا بیان شرمناک ہے، ڈاکٹر ارشاد علی کمبوہ

حکمرانوں کی عیاشیاں ختم نہیں ہورہیں، مہنگائی نے غریب عوام کا گلا دبا دیا ہے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی یورپ کے مرکزی صدر ڈاکٹر ارشاد علی کمبوہ نے کہا کہ وزیر پٹرولیم کا بیان تیل کی قلت کی صورت میں ہزار روپے فی لیٹر دستیاب نہیں ہوگا انتہائی شرم ناک ہے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی 38 ویں سالگرہ کے موقع پر عوام کا گلہ کیوں دبایا جارہا ہے ہائے مارگئی مہنگائی کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر

ایئرپورٹ کے اطراف برڈ اسٹرائیک کی روک تھام کیلئے مربوط اقدامات، کمشنر کراچی کی زیر صدارت اجلاس

کراچی (این این آئی) کراچی انتظامیہ نے پاکستان ایئرپورٹس کے تعاون سے ایئرپورٹ کے اطراف طیاروں سے پرندوں کے تصادم کی روک تھام کے لیے مربوط اور مؤثر اقدامات کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سلسلے میں کمشنر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 9)

چک 108 گ ب میں پانچویں سالانہ محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ کا انعقاد

عاشقانِ رسول ﷺ کی بڑی تعداد میں شرکت، قاری محمد فیصل عطاری کو عمرہ بھیج دیا گیا

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) چک نمبر 108 گ ب سائیں دی کھوئی میں مرزا رضوان بیگ کی رہائش گاہ پر پانچویں سالانہ نور کی برسات عظیم الشان محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ کا انعقاد کیا گیا، جس میں اہل علاقہ، سیاسی وسماجی شخصیات، سمیت بڑی تعداد میں عاشقانِ رسول ﷺ نے شرکت کی۔ محفل پاک کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جبکہ محفل میلاد میں معروف نعت خواں بارودی برادران، محمد اعظم قادری، حافظ نور سلطان صدیقی، افتخار رضا قادری، قاری حاجی شبیر طاہری نعیمی، محمد آصف نقشبندی، صفیر احمد نقشبندی، نے بارگاہ رسالت ﷺ میں گلہائے عقیدت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8)

پنجاب ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کی بڑی مثال بن کر سامنے آیا، ضیاء الرحمن

پنجاب میں امن وامان کے قیام کے لیے شاندار اقدامات کیے گئے ہیں جبکہ ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات بھی عوام تک پہنچنا شروع ہوگئے ہیں

فیصل آباد (پ ر) جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ ن کارپوریشن فیصل آباد میاں ضیاء الرحمان نے کہا ہے کہ ترقی کے میدان میں دیگر صوبے پیچھے رہ گئے ہیں جبکہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے واضح برتری حاصل کرلی ہے، پنجاب ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کی سب سے بڑی مثال بن کر سامنے آیا ہے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ مریم نواز شریف ایک بہادر باپ کی جرات مند بیٹی ہیں جنہوں نے مشکل حالات میں بھی صوبے کی ترقی اور عوامی خدمت کا سفر جاری رکھا۔ پنجاب میں امن وامان کے قیام کے لیے شاندار اقدامات کیے گئے ہیں جبکہ ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات بھی عوام تک پہنچنا شروع ہوگئے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 21)

حقوق خلق پارٹی اور پاکستان لیبر قومی موومنٹ کے زیر اہتمام پریس کلب فیصل آباد میں جلسہ عام

کمر توڑ مہنگائی، سالانہ اجرتوں میں اضافہ، مزدوروں کے حقوق اور سیاسی اسیران کی رہائی کے لیے جدوجہد تیز کرنے کا اعلان

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) حقوق خلق پارٹی اور پاکستان لیبر قومی موومنٹ کے زیر اہتمام پریس کلب فیصل آباد میں ایک جلسہ عام منعقد ہوا، جس میں مزدوروں، محنت کشوں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ جلسہ عام میں ملک میں جاری مہنگائی، بے روزگاری اور مزدوروں کو درپیش معاشی مشکلات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا گیا کہ صنعتی و کمرشل اداروں میں کام کرنے والے مزدوروں کی سالانہ اجرتوں میں فوری اضافہ کیا جائے اور محنت کش طبقے کو بڑھتی ہوئی مہنگائی کے تناسب سے باعزت اجرت فراہم کی جائے۔

بدین: بیوی پر تشدد اور قتل کا مقدمہ، قتل کا جرم ثابت، مقامی عدالت نے شوہر کو عمر قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنادی

بدین (این این آئی) بدین کی فرسٹ ایڈیشنل سیشن عدالت نے گھریلو تنازع پر بیوی کو تشدد کرکے قتل کرنے کے مقدمے کا فیصلہ سناتے ہوئے جرم ثابت ہونے پر شوہر کو عمر قید اور 10 لاکھ روپے جرمانے کی سزا کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق فرسٹ ایڈیشنل سیشن (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3)

مسلم ممالک کا اتحاد اور اسٹریٹجک تعاون ناگزیر ہے، خالد محمود چیمہ

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا تعاون علاقائی استحکام میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سینٹرل چیئرمین آل پاکستان کاٹن پاور لومز ایسوسی ایشن خالد محمود چیمہ، سینئر وائس چیئرمین خالد عزیز، وائس چیئرمین عامر نثار، سرپرست اعلیٰ جاوید صادق کاہلوں، سابق صدر چوہدری محمد نواز نے کہا ہے کہ سعودی عرب اور ترکیہ سمیت مغربی ایشیائی ممالک کے ساتھ تعلقات مزید مضبوط بنا کر مکہ وقافی معاہدے کو موثر اور مسلم دنیا کی اجتماعی اسٹریٹجک قوت کو مستحکم کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بدلتے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 13)

2030 تک تمام گاڑیوں کو الیکٹرک کیا جائے، پٹرولیم بحران کا حل یہی ہے

الیکٹرک گاڑیوں پر ڈیوٹیز ختم اور سولر بجلی کو فروغ دیا جائے، رانا زاہد توصیف



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) سینئر سیاستدان اور سابق وفاقی پارلیمانی سیکرٹری رانا زاہد توصیف نے یومیہ بنیاد پر پٹرولیم مصنوعات نرخوں میں قدرے اضافہ کو تشویش ناک اور عوام کے لیے مشکل کا باعث قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ امریکہ، ایران کشیدگی کے بعد عالمی مارکیٹ میں پٹرول، ڈیزل قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے۔ مگر وزیراعظم کی جانب سے ڈیجیٹل ریلیف اس مسئلہ کا حل نہیں بلکہ قومی سطح پر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 12)

بلاول بھٹو آج ہر پاکستانی کے دل کی دھڑکن ہے، سردار عمران

پاکستان کے کسان مزدور طلبہ اور خواتین سب بلاول بھٹو زرداری کو اپنی امید سمجھتے ہیں



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے مشن کو آگے بڑھانے والی قیادت بلاول بھٹو آج ہر پاکستانی کے دل کی دھڑکن ہے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان پیپلز پارٹی سٹی کے نوجوان رہنما سردار عمران نے پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی 38 ویں سالگرہ کے موقع پر اپنے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو آج ہر پاکستانی کم عمری میں جس جرات اور بصیرت کا مظاہرہ کیا ہے وہ اس بات کا ثبوت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 11)

چک 33 ج ب میں 5 کروڑ روپے کی لاگت سے سڑک منصوبے کا افتتاح

اہل علاقہ کا دیرینہ مطالبہ پورا، آمدورفت میں سہولت ملے گی



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) مشیر وزیراعظم برائے سیاسی امور و وفاقی وزیر بین الصوبائی روابط سینیٹر رانا ثنا اللہ خاں (نشان امتیاز) نے چک نمبر 33 ج ب میں سڑک کے اہم ترقیاتی منصوبے کا باضابطہ افتتاح کردیا۔ اس موقع پر میاں اشفاق جنرل کونسلر جلی اکبر SHO، رانا محسن، محمد نوید، محمد طیب سمیت علاقہ مکینوں کی بڑی تعداد تقریب میں موجود تھی۔ افتتاحی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 10)

منصوبے پر تقریباً 50 ملین روپے لاگت آئی ہے۔ اس موقع

اللہ کے گھر میں سجدہ ریز نمازیوں اور ملک کے محافظوں کا خون بہانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے

کوہاٹ پولیس لائن مسجد میں دھماکہ پاکستان کی سالمیت پر حملہ

حکومت کو "فتنۃ الخوارج" کے خلاف فیصلہ کن اور بے رحم فوجی کارروائی کرنی ہوگی، خوارج اور ملک دشمن عناصر اسلام کے نام پر دہشت گردی اور انسانیت کے کھلے دشمن

پاک فوج اور پولیس کے ان بہادر جوانوں کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے موقع پر دہشت گردوں کو جہنم واصل کرکے مزید بڑی تباہی کا راستہ روکا

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) جمعیت علماء اسلام (ف) کے رہنما مفتی فضل الرحمن ناصر نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ کوہاٹ کی اولڈ پولیس لائنز مسجد میں نماز جمعہ کے کی دوران ہونے والے خودکش دھماکے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ یہ واقعہ اسلام، انسانیت اور پاکستان کی سلامتی پر براہ راست حملہ ہے۔ حکومت کو "فتنۃ الخوارج" کے خلاف فیصلہ کن اور بے رحم فوجی کارروائی کرنی ہوگی انہوں نے مزید کہا کہ اللہ کے گھر میں سجدہ ریز نمازیوں اور ملک کے محافظوں کا خون بہانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے۔ یہ خوارج اور ملک دشمن عناصر اسلام کے نام پر دھبہ اور انسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔ انہوں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 14)

اوباش افراد نے سبز باغ دکھا کر 3 خواتین کو اغوا کرلیا، پولیس نے مغویوں کی بازیابی کیلئے ملزمان کی تلاش شروع کردی

فیصل آباد (آن لائن) اوباش افراد نے سبز باغ دکھا کر 3 خواتین کو اغوا کرلیا، پولیس نے مغویوں کی بازیابی کیلئے ملزمان کی تلاش شروع کردی۔ تفصیل کے مطابق چک جمہرہ کے علاقہ 104 ج ب کے شہباز کی بیٹی (م) کو ملزمان محسن وغیرہ، قصبہ تاندلیانوالہ کی عائشہ کی بیٹی (س) کو نامعلوم، نشاط آباد کے علاقہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 23)

آپ ﷺ کی تعلیمات امت مسلمہ کیلئے مشعل راہ ہیں، میاں محمد صالح شرقپوری

حضور نبی کریم ﷺ کا میلاد منانا جنتی بننے والوں کو اللہ تعالیٰ نے سب سے بڑا اعزاز اور شرف عطا فرمایا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) آپ ﷺ کی تعلیمات امت مسلمہ کیلئے مشعل راہ ہیں حضور نبی کریم ﷺ اپنی امت کو بارگاہ خدا سے وہ سب کچھ لیکر دے دیا جو پہلی امتیں ترستی رہیں آپ ﷺ پر درود پاک پڑھنا اور آپ ﷺ کی تعلیمات سجانا کائنات کا سب سے بڑا اثاثہ ہے ان خیالات کا اظہار پیر طریقت رہبر شریعت حضرت صاحبزادہ میاں محمد صالح شرقپوری سجادہ نشین آستانہ عالیہ شرقپور شریف نے محفل میلاد و عرس میاں خلیل احمد نے تعظیم الشان محفل پاک سے اپنے صدارتی خطاب میں کیا۔ حضرت علامہ مولانا شیخ الحدیث بابا علی رضوی نے اپنے خطاب میں کہا کہ حضور نبی کریم ﷺ کا میلاد منانا جنتی بننے والوں کو اللہ تعالیٰ نے سب سے بڑا اعزاز اور شرف عطا فرمایا حضرت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 18)

پیٹرول مہنگا، عوام پر نیا مالی بوجھ کب تک؟ لال حسین راشد

بلاول بھٹو کی 38 ویں سالگرہ پر تقریب، حکومت سے فوری ریلیف کا مطالبہ



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پیپلز لیبر بیورو فیصل آباد کے ڈویژنل جنرل سیکرٹری لال حسین راشد، ضلعی صدر رانا منظور احمد خاں نے کہا کہ پیٹرول مہنگا، پہلے سے مہنگائی کے ستائے عوام پر نیا مالی بوجھ آخر کب تک ڈالا جاتا رہے گا؟ پٹرول کی قیمتیں بے قابو، غریب عوام آخر کب تک قربانی دیں؟ حکمران اور بیوروکریسی بھی ملک وملت کی خاطر قربانی دیں، رائے شہادت خاں کھرل



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی جڑانوالہ کے تحصیل صدر رائے شہادت خاں کھرل وعہدیداران نے کہا کہ پٹرول کی قیمتیں بے قابو ہوچکی ہیں غریب عوام آخر کب تک قربانی دیں حکمران اور بیوروکریسی ملک وملت کی خاطر کب قربانی دے گی چیئرمین بلاول بھٹو کو 38 ویں سالگرہ مبارک ہو پاکستان بھر کے نوجوان اور جیالے اپنے محبوب لیڈر بلاول بھٹو کے دست و بازوں ہیں بلاول بھٹو اور پیپلز پارٹی کی سیاست کا مقصد ذاتی مفادات نہیں پاکستان کے محروم طبقات کو سہولتوں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 20)

مکہ مکرمہ کی حفاظت کیلئے کسی معاہدے کی ضرورت نہیں

مکہ معاہدہ ہمارے اوپر لاگو ہوتا ہے اور ہم اپنا فرض ادا کریں گے، شیخ اکرم پاشا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پانما کے سابق چیئرمین شیخ اکرم پاشا نے کہا ہے کہ مکہ مکرمہ کی حفاظت کیلئے کسی معاہدے کی ضرورت نہیں۔ مقدس مقامات کی حفاظت ہمارا فریضہ ہے، جہاں مکہ معاہدہ نافذ ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکہ معاہدہ ہمارے اوپر لاگو ہوتا ہے اور ہم اپنا فرض ادا کریں گے۔ پانما کے سابق چیئرمین شیخ اکرم پاشا کا کہنا تھا کہ ایک ایسی صورتحال میں جب ایران کی امریکا اور اسرائیل کے ساتھ خلیج جنگ نازک امن کے ساتھ غیر یقینی کے صورت حال پر کھڑی ہے تو ایسے میں ایک اور نیا محاذ کھولنا یا توسیع دینے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 19)

کراچی کے شہریوں نے ایم کیو ایم کی لسانی، نفرت اور سندھ کی تقسیم پر مبنی سیاست کو مسترد کردیا ہے، ڈاکٹر قادر مگسی

حیدرآباد (این این آئی) سندھ ترقی پسند پارٹی کے چیئرمین ڈاکٹر قادر مگسی نے کہا ہے کہ کراچی کے شہریوں نے ایم کیو ایم کی لسانی، نفرت اور سندھ کی تقسیم پر مبنی سیاست کو مسترد کردیا ہے، جس کا واضح ثبوت ایم کیو ایم کی طرف سے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 16)

شہر میں ڈکیتی، چوری کی وارداتوں کا سلسلہ جاری

40 سے زائد مقامات پر وارداتوں کے دوران لاکھوں کا مال واسباب لوٹ لیا گیا۔ متعدد شہری موٹر سائیکلوں اور رکشوں سے محروم ہوگئے

شاداب کالونی کے قریب عمران سے 30 ہزار وفون، طارق آباد پل کے قریب نجیب اللہ سے 48 ہزار وفون چھین لیا

فیصل آباد (آن لائن) شہر اور گردونواح میں چوری، ڈکیتی و راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری، 40 سے زائد مقامات پر وارداتوں کے دوران لاکھوں کا مال و اسباب لوٹ لیا گیا۔ متعدد شہری موٹر سائیکلوں اور رکشوں سے محروم ہوگئے، تفصیل کے مطابق شاداب کالونی کے قریب عمران سے 30 ہزار وفون، طارق آباد پل کے قریب نجیب اللہ سے 48 ہزار وفون چھین لیا، پیپلز کالونی نمبر 1 کے ابراہیم سے چھینا مارکر فون چھین لیا، ڈی گراؤنڈ کے قریب ٹہ سے 24 ہزار وفون، 121 ج ب شہزاد کے گھر سے قیمتی سامان چوری، الور ٹاؤن کے محمد اعظم کے زیر تعمیر گھر سے سامان چوری، 140 ر۔ب کے بشیر کے گھر کے باہر سے بکرا چوری، لال پل چوک کے قریب اویس کی دکان سے 6 لاکھ کا کپڑا چوری، احمد آباد سے امجد سے نقدی وفون، جڑانوالہ روڈ پر حسنین سے 7 ہزار وفون چھین لیا، 79 گ ب کے قریب فضل احمد سے 1 لاکھ چھین (باقی صفحہ اندرونی نمبر 17)

تیز رفتار موٹر سائیکل بجلی کے پول سے ٹکرانے سے نوجوان جاں بحق

دو خواتین زخمی جبکہ مشین کی زد میں آکر محنت کش چل بسا



فیصل آباد (آن لائن) تیز رفتار موٹر سائیکل بجلی کے پول سے ٹکرانے سے نوجوان جاں بحق' دو خواتین زخمی جبکہ مشین کی زد میں آکر محنت کش چل بسا' ریسکیو 1122 نے ضروری کارروائی کے بعد نعشیں ورثاء کے حوالے کردیں۔ بتایا جاتا ہے کہ کھرڑیانوالہ کا 17 سالہ نوجوان ریئس احمد' دو خواتین رضیہ بی بی اور شہناز بی بی کو لے کر موٹر سائیکل پر جارہا تھا جب وہ جھنڈا والا صداقت پل کے قریب پہنچا تو تیز رفتاری کے باعث موٹر سائیکل پر قابو نہ رکھ سکا۔ موٹر سائیکل سڑک کنارے لگے بجلی کے پول سے ٹکرا گئی، اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچی تو ریئس احمد زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے زندگی کی بازی ہار چکا تھا جبکہ تھانہ چک جمہرہ کے علاقہ فیڈک انڈسٹریل ایریا سابیانوالہ میں واقع سن فائبرز فیکٹری میں 32 سالہ محمد شہباز سکنہ بہاولنگر مشین پر کام (باقی صفحہ اندرونی نمبر 22)

فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) میں شمولیت کا سنہری موقع

آن لائن رجسٹریشن کے لیے امیدوار ویب سائٹ www.fcblnn.com.pk پر اپلائی کریں



بھرتی شیڈول و مقامات برائے ریکروٹ کورس-71

پاکستان کے کسی بھی شہر سے تعلق رکھنے والے افراد نیچے دیئے گئے کسی بھی مقام پر بھرتی کیلئے تشریف لاسکتے ہیں

آرمی بھرتی دفتر جہلم 18 تا 20 ستمبر 2026	بلوچ رجمنٹ ٹریننگ سینٹر ایبٹ آباد 18 تا 20 ستمبر 2026
آرمی بھرتی دفتر سرگودھا 23 تا 24 ستمبر 2026	نیلم سٹیڈیم، مظفر آباد 23 تا 24 ستمبر 2026
آرٹلری سینٹر اٹک 27 تا 30 ستمبر 2026	شکر پڑیاں گراؤنڈ، راولپنڈی 27 تا 30 ستمبر 2026
ہیڈ کوارٹر ریکروٹنگ (ہیر گرو) 3 تا 5 اکتوبر 2026	ڈویژن ہیڈ سکول کوہاٹ 3 تا 5 اکتوبر 2026
اے ایس سی سنٹر (توشہرو) 3 تا 5 اکتوبر 2026	ملٹری پولیس سینٹر (ایبٹ اسماعیل خان) 3 تا 5 اکتوبر 2026
سرکٹ ہاؤس میانوالی 8 تا 10 اکتوبر 2026	شفقت سٹیڈیم (ملتان کینٹ) 8 تا 10 اکتوبر 2026
ایف سی کیمپ (ڈیرہ غازی خان) 8 تا 10 اکتوبر 2026	

معیار برائے بھرتی

اسامی	تعلیم		قد		جسمانی کی حد	
	نارمل گریڈ	میٹرک	بین نارمل	نارمل فٹ	بین نارمل	نارمل فٹ
جنرل ڈیوٹی		میٹرک	5 فٹ 3 انچ	5 فٹ 6 انچ	18 سے 26 سال	18 سے 23 سال
ٹی کلرک	ایف اے/ ایف ایس سی					
ٹیکنیکل	ایف اے/ آئی سی ایس					
کیٹل کلرک	ایف اے/ آئی سی ایس					

سہولیات

- پرکشش تنخواہ پاکستان آرمی کے برابر
- کارکردگی کی بنیاد پر ہوم جوڈ کے ساتھ سروس کے مواقع
- شہدا کے بچوں کے لئے مفت تعلیم اور رہائش کے لئے گھر
- بلوچستان کے مقامی شہریوں کے لئے نارمل بلوچستان سروس کا شاندار کیریئر کا موقع
- مفت رہائش
- دوران سروس آپ کے بچوں کیلئے مفت تعلیم
- دوران سروس میڈیکل سہولیات کی فراہمی

بھرتی برائے لوکل بلوچی اور سندھی

بلوچستان کے امیدواران کی بھرتی تمام ایف سی ہیڈ کوارٹرز (یعنی ملیلی، مچھ، کوئٹہ، توشکی، چمن، مسلم باغ، ژوب، لورالائی، سوئی، ڈیرہ بگٹی، پی اور کوہلو) میں 01 ستمبر تا 30 ستمبر 2026 تک کی جائے گی، صوبہ سندھ سے تعلق رکھنے والے امیدواران کی بھرتی ہیڈ کوارٹرز سوئی، ریکروٹنگ اور ریڈ کوارٹرز سبی سکاؤٹس میں کی جائے گی

نوٹ

- خواتین شہدا اہلکاران کے بچوں کی تعلیم کے لیے عمر میں 2 سال اور قد میں 2 انچ کی رعایت۔ خواتین شہدا ایف سی فورس بلوچستان تک محدود ہیں۔
- وہ اہلکاران جن کی عمر 18 سال سے زائد ہے ان کا ڈومیسائل (ب) لازمی نہیں ہوگا۔ بلکہ کیپ زیر کا حامل ہونا لازمی ہے۔
- 20 ستمبر 2026 کو عمر مقررہ حد بڑھائی گئی ہے زیادہ نہیں ہے۔
- ذیل اصلی تصدیق شدہ دستاویز کی 1 عدد کاپی، ذیل میں بتائے گئے کاپیاں اور پاسپورٹ سائز کی 4 عدد تصاویر ہمراہ لائیں۔
- اہلی تصدیق کے وقت پیش کرنے والے کی حوالگی پولیس کرسکتی ہے۔
- دوران بھرتی موبائل فون ممنوع ہے۔ پکڑے جانے کی صورت میں امیدوار نکل قرار دیا جائے گا۔
- کسی بھی گروپ فوٹو سے فراڈ پارٹی کی وجہ سے نکالے گئے امیدوار بحال ہوں گے۔
- پولیس ویری فکیشن ہونا لازمی ہے۔
- ذیل تقرریاں اختیار کرلیں بلوچستان (نارتھ) کے مقررہ قواعد و ضوابط طریقہ کار کے مطابق خاصہ دار پیریٹ کی بنیاد پر ہوں گی۔

رہنمائی اور معلومات کے لیے رابطہ کریں

ٹیلیفون نمبر 08192032285

کال اور واٹس ایپ نمبر 0312-0605905

ای میل rectcellfcn@gmail.com

PID(Q)101/26

Scanned with CamScanner